ترحیم

مسافرانِ عدم

انالله وانا الیه راجعون

مسجد بلال فرید ٹاؤن (ساہیوال) کے خطیب اور بزرگ عالم دین مولانا قاری ابوسفیان بشیر احمد قادری طویل علالت کے بعد گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی صالح، خلیق، ملنسار، اور مہربان انسان تھے۔ وہ پاکستان کی تمام دینی تحریکوں اور سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیتے رہے۔ ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، مولانا عبدالستار، قاری منظور احمد طاہر اور عبداللطیف خالد چیمہ نے مرحوم کے فرزند قاری شکیل احمد سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لئے دعاء مغفرت کی ہے۔

محترم ھادی بخش صاحب کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام سکھر کے ناظم محترم ڈاکٹر ھادی بخش صاحب کے چچا جناب خیر محمد صاحب ۱۲ مارچ کو سکھر میں انتقال کر گئے۔

چک نمبر ۴۲، ۱۲/ ایل چیچاوطنی میں ہمارے ساتھی خواجہ محمد اعظم کے والد محترم جناب محمد شریف صاحب ۱۶/مارچ کو انتقال کر گئے۔

چیچاوطنی میں محترم شیخ عبدالرشید صاحب روپڑی کا ۱۹ مارچ کو انتقال ہو گیا۔

محترم عبدالرحمن جامی کو صدمہ: مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالا کے صدر محترم عبدالرحمن جامی نقشبندی کی خوشدامن اور مولانا قاری رشید احمد نقشبندی (امام جامع مسجد الصادق) کی والدہ ماجدہ ۲۱/مارچ کو انتقال کر گئیں۔

محترم شیخ ریاض الدین کی رحلت:

ضیغمِ احرار، حضرت شیخ حسام الدین رحمتہ اللہ علیہ کے اکلوتے فرزند محترم شیخ ریاض الدین صاحب طویل علالت کے بعد ۲۹/مارچ ۱۹۹۸ء کو لاہور میں رحلت فرما گئے۔ مرحوم فالج کے مریض تھے اور چلنے پھرنے سے معذور ہو چکے تھے۔ حضرت شیخ حسام الدین رحمہ اللہ کی نشانی اور ہو بہو ان کی تصویر تھے۔ محبت کرنے والے مجلسی آدمی تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے (آمین)

ارا کینِ ادارہ تمام مرحومین کے لئے مغفرت کی دعاء کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ ہمدردی کرتے ہوئے صبر کی دعاء کرتے ہیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ اپنی دعاؤں میں ان مرحومین کو بھی شامل کر لیں اور دعاء مغفرت و ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں (ادارہ)